Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

14 ستمبر 2014

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی قونصل خانے کے تعاون سے تعلیمی نمائش کا انعقاد

کراچی۔امریکی قونصل خانے اور 'یونائٹڈ اسٹیٹس ایجوکیشن فاونڈیشن پاکستان' (USEFP) کے اشتراک سے تعلیمی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل برائن ہیتھ، سندھ اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 500 سے زائد طلبا اور امریکی قونصل خانے کے اہلکاروں نے نمائش میں شرکت کی۔

قونصل خانے کے اہلکاروں نے طلبا کو ان جامعات کے بارے میں بتایا جہاں سے انھوں نے تعلیم حاصل کی۔ طلبا کو امریکہ میں تعلیم، ویزا کی درخواست کے طریقہ کار اور امریکی طرز زندگی کے بارے میں آگاہی فراہم کی گئی۔

اس موقع پر قونصل جنرل برائن ہیتھ کا کہنا تھا کہ 'دنیا بھر میں امریکی تعلیم اپنے اعلی معیار کی وجہ سے جانی جاتی ہے جس کو حاصل کر کے طلبا اپنے مستقبل کو بہتر بنا سکتے ہیں۔' قونصل جنرل کا مزید کہنا تھا کہ 'پاکستانی طلبا امریکی تعلیمی شعبے میں ایک خوشگوار اضافہ ہیں۔ 2012 میں ساڑھے چار ہزار سے زائد پاکستانی طلبا امریکی یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم تھے۔ اس طرح امریکی تعلیمی نظام مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے افراد کو قریب لانے کا ذریعہ بھی ہے۔'

پاکستان اور امریکہ کے درمیان تعلیم کے شعبے میں اشتراک انتہائی اہم ہے۔ ہر سال ایک ہزار سے زائد پاکستانی طلبا امریکہ تعلیم حاصل کرنے کیلیے جاتے ہیں۔

پاکستان میں جاری امریکی تعلیمی منصوبوں کے بارے میں مزید جاننے کیلیے وزٹ کیجئے www.facebook.com/karachi.usconsulate

####